● سکولوں میں صبح کے وقت دعا کے ساتھ فلمی گانوں کی طرز پر شرکیہ نعتیں پڑھنا ممنوع قرار دیا جائے، کہ ان کی رپورٹیں بھی سننے میں آرہی ہیں۔

ورنہ دیوبندی اور اہل حدیث یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں گے کہ وفاقی وزارتِ تعلیم فرقہ واریت کو نہ صرف ہوا دے رہی ہے، بلکہ کسی سوچی سمجھی سکیم کے تحت اس کی سرپرستی بھی کر رہی ہے —— اور جس کے نتائج ملک و قوم کے حق میں نیک فال ثابت نہیں ہوں گے!

(اکرام اللہ ساجد)

شعر و ادب

فضل ابنالوی

ہدیۂ نعت

شفیعِ محشر، تری محبت ہزاروں لاکھوں دلوں کی دھڑکن
تمام رحمت، تمام شفقت، تمام عالم پہ سایہ افگن

حبیبِ یزداں سے میری الفت تو غائبانہ، ہے والہانہ
انہی کے احکام میرا مسلک، انہی سے میرا وجود روشن

تجلیاتِ ازل سے ہر دم ہے بقعۂ نور شہرِ طیبہ
نہ شہر روئے زمیں پہ ایسا نہ خلد و فردوس میں یہ گلشن

نبیؐ کے نقشِ قدم پہ چلنا ہے دین و دنیا کی سرفرازی
اگر ہے فکر آخرت کی دل میں، تو تھام لے بس انہی کا دامن

دعا یہی ہے کہ فضلؔ بیکس کی ہو رسائی شہرِ نبیؐ تک
یہ بخت ہو جائے اس کا یاور، یہ شہر بن جائے اس کا مسکن

○